رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عامہ سال دوم** پرچہ: **پہلا** مضمون: **دراسۃ القرآن+التفسیر**

تاریخ: **12-02-2024** دن: **پیر** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: ۔۔۔ زبان میں ستارے کو "نجم" میں کہا جاتا ہے؟

(الف) فارسی (ب) ہندی (ج) عربی (د) سندھی

سوال نمبر 2: "سورۃ النجم" میں اللہ تعالی نے ۔۔۔ کی قسم ارشاد فرمائی۔

(الف) چاند (ب) ستارے (ج) سورج (د) دن

سوال نمبر 3: چھوٹے اور بڑے تمام اعمال تفصیل کے ساتھ ۔۔۔ میں لکھے ہوئے ہیں۔

(الف) لوح محفوظ (ب) توریت (ج) انجیل (د) زبور

سوال نمبر 4: ہمارے پیارے نبی ﷺ نے ۔۔۔ میں سر کی آنکھوں سے اللہ پاک کا دیدار کیا۔

(الف) شب قدر (ب) شب براءت (ج) شب معراج (د) شب عرفہ

سوال نمبر 5: ۔۔۔ کی ابتداء میں اللہ پاک کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک نام ذکر کیا گیا ہے۔

(الف) سورۃ الرحمن (ب) سورۃ النجم (ج) سورۃ القمر (د) سورۃ الممتحنہ

سوال نمبر 6: سورۃ الرحمن کو قرآن کی ۔۔۔ کہا گیا ہے؟

(الف) دل (ب) دلہن (ج) دولہا (د) جسم

سوال نمبر 7: چاند کے ۔۔۔ ٹکڑے کرنا ہمارے پیارے نبی ﷺ کا روشن معجزہ ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 8: خوف خدا رکھنے والے شخص کے لئے ۔۔۔ جنتوں کی خوشخبری ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 9: سورۃ الواقعہ میں ۔۔۔ آیتیں ہیں۔

(الف) 90 (ب) 92 (ج) 96 (د) 98

سوال نمبر 10: رات کے وقت ۔۔۔ پڑھنے والا فاقے سے محفوظ رہے گا۔

(الف) سورۃ الواقعہ (ب) سورۃ الرحمن (ج) سورۃ النجم (د) سورۃ القمر

سوال نمبر 11: قرآن عظیم کو چھونے کے لئے باوضو ہونا ۔۔۔ ہے۔

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مستحب

سوال نمبر 12: رسول اللہ ﷺ سونے سے پہلے "المسبّحات" پڑھتے تھے اور آپ نے فرمایا: ان میں ایک آیت ۔۔۔ آیات سے افضل ہے۔

(الف) 10 (ب) 100 (ج) 1000 (د) 7000

سوال نمبر 13: سورۃ المجادلہ میں ۔۔۔ سے محبت کرنے والے منافقین کی سرزنش کی گئی ہے۔

(الف) عیسائیوں (ب) یہودیوں (ج) مشرکین مکہ (د) بدھ مت والوں

سوال نمبر14: "سورۃالحجرات"۔۔۔میں نازل ہوئی۔

(الف)مدینہ (ب)مکہ (ج)اکثر مدینہ (د)اکثر مکہ

سوال نمبر15: "سورۃالحجرات" سے پہلے۔۔۔ہے۔

(الف)سورۃالواقعہ (ب)سورۃالفتح (ج)سورۃالرحمن (د)سورۃمحمد

سوال نمبر16: نبی کریم ﷺ نے۔۔۔کے بارے میں فرمایا: اے ابو درداء! کیا تم اس کے آگے چلتے ہو جو تم سے بلکہ ساری دنیا سے افضل ہے؟

(الف) حضرت ابو بکر صدیق (ب) حضرت عمر فاروق (ج) حضرت عثمان غنی (د) حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالی عنہم

سوال نمبر17: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ کی روایت کے مطابق آیت مبارکہ "لاترفعوااصواتکم"۔۔۔کے بارے میں نازل ہوئی۔

(الف) حضرت اقرع بن حابس (ب) حضرت بلال حبشی (ج) حضرت ثابت بن قیس (د) حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالی عنہم

سوال نمبر18: حضور ﷺ نے حضرت سعد کو۔۔۔ کے بارے میں فرمایا کہ وہ جنت والوں میں سے ہے۔

(الف) حضرت اقرع بن حابس (ب) حضرت بلال حبشی (ج) حضرت ثابت بن قیس (د) حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالی عنہم

سوال نمبر19: حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالی عنہ کا تعلق قبیلہ۔۔۔سے ہے۔

(الف) بنو تمیم (ب) اوس (ج) خزرج (د) بنو نجار

سوال نمبر20: قول۔۔۔ہے کہ "رسول کریم ﷺ کی عزت و حرمت زندگی اور وفات دونوں میں برابر ہے۔

(الف)امام اعظم (ب)امام مالک (ج)امام شافعی (د)امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالی عنہم

سوال نمبر21: صحابی رسول حضرت۔۔۔نے مرنے کے بعد خواب میں وصیت کی اور ان کی وصیت کو نافذ بھی کیا گیا۔

(الف)اقرع بن حابس (ب) بلال حبشی (ج)ثابت بن قیس (د) حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالی عنہم

سوال نمبر22: حضرت۔۔۔جب حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالی عنہ کے گھر علم دین سیکھنے جاتے تو ان کا دروازہ بجانے کے بجائے باہر آنے کا انتظار فرماتے۔

(الف) عبد اللہ بن عباس (ب) عبد اللہ بن عمر (ج) عبد اللہ بن عمرو (د) عبد اللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالی عنہم

سوال نمبر23: رسول کریم ﷺ نے حضرت۔۔۔ کو قبیلہ بنی مصطلق کی طرف صدقات وصول کرنے کے لئے بھیجا تھا۔

(الف) عبد اللہ بن عباس (ب)اقرع بن حابس (ج)ولید بن عقبہ (د) عبد اللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالی عنہم

سوال نمبر24: ایمان کا کمال۔۔۔سے نصیب ہوتا ہے۔

(الف) عبادت (ب) ریاضت (ج) فضل الٰہی (د) دعاؤں

سوال نمبر25: مظلوم کی فریاد رسی کرنے والے کے لئے۔۔۔ مغفرتیں لکھی جاتی ہیں۔

(الف)70 (ب)72 (ج)73 (د)75